FACE فیملی ریڈز
جہاں تفریح اور تعلیم یکجا ہوتے ہیں!

بولنے / سننے کی سرگرمیاں

کہانی سنانے کی راتیں
کہانی سنانے کی راتوں کا اہتمام کریں جہاں خاندان کا ہر رکن اپنی پسندیدہ کہانی سنائے گا یا اپنی ایک کہانی تخلیق کرے گا۔

گانے کے اشعار
موسیقی سنیں اور (گانے) کے اشعار پر بات چیت کریں۔ آپ ان کو پرنٹ بھی کر سکتے ہیں اور گانا سنتے ہوئے ان کو ساتھ ساتھ گا سکتے ہیں۔

وضاحت کرنے کی مشقیں
بات چیت کرتے ہوئے صراحت اور تلفظ کو بہتر بنانے کے لیے بطور خاندان زبان لڑکھڑانے والے الفاظ کی مشقیں کریں، وضاحت کرنے کی، اور گانا گانے کے لیے آواز کو تیار کرنے کی مشقیں کریں۔

مباحثے کی راتیں
دلچسپ موضوعات پر دوستانہ مباحثوں کا اہتمام کریں، جن میں خاندان کے ارکان اپنے نقطہ نظر کا اظہار کریں اور جوابی دلائل کو دھیان سے سنیں۔

تھیٹر اور فنکاری
تھیئٹر کی فنکارانہ پیشکشوں میں جائیں یا خاندان دوستانہ فنکارانہ کلاسوں میں شرکت کریں، بولنے اور سننے، دونوں میں تخلیق کی حوصلہ افزائی کریں۔

TED Talk بات چیت
بطور خاندان TED Talk دیکھیں اور اس کے بعد (اس کے متعلق) بات چیت میں مشغول ہوں، پیش کیے گئے خیالات پر بصیرت اور عکاسی کا اشتراک کریں۔

لسانی کھیل
لسانیت سے متعلقہ کھیل کھیلیں جیسے کہ لفظ کی وابستگیاں، اشاروں کے کارڈز کے ساتھ کہانی سنائیں، یا لسانی تعلیم کو لطف اندوز بنانے کے لیے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرنے والے کھیل کھیلیں (مثلاً ٹیبو، ٹیلیفون، بیڈز اپ)۔

انٹرویو کی مشق
جوڑیاں بنائیں اور مخصوص موضوعات پر ایک دوسرے کا انٹرویو کرنے کے لیے باریاں لیں، خاندان کے ارکان کی سوالات پوچھنے کی اور پُرتفکر جوابات فراہم کرنے، دونوں (کاموں) میں ان کی مدد کریں۔

نظمیں پڑھنا
نظمیں پڑھنے کے سیشنز کا انعقاد کریں جن میں خاندان کا ہر رکن پڑھنے کے لیے ایک نظم کا انتخاب کرتا ہے، یہ اظہار کرنے والی گفتگو کو اور توجہ کے ساتھ سننے کو پروان چڑھاتا ہے۔

بات چیت کے گروپ
ایک موجودہ واقعہ یا سوچ کو متحرک کرنے والے موضوع کو منتخب کریں اور اہلِ خانہ کی بات چیت کے گروپس میں مشغول ہوں، جو ہر ممبر کو اپنے خیالات کا اظہار کرنے اور دوسروں کی بات کو دھیان سے سننے میں مدد کرے گا۔

مجمع میں تقریر کرنے کے چیلنج
مجمع میں تقرری کرنے کے پُرلطف چیلنج تخلیق کریں، جیسے کہ پسندیدہ موضوعات پر مختصر تقریر کرنا یا تقریر کرنے کے اعتماد کو تقویت دینے کے لیے پیشکشیں کرنے کی مشق کرنا۔

T-35990 (Urdu)

FACE فیملی ریڈز

جہاں تفریح اور تعلیم یکجا ہوتے ہیں!

مطالعہ / تحریر کی سرگرمیاں

رات کو سونے کے وقت کہانیاں (سنانا)

خاندان کے چھوٹی عمر کے ارکان کے لیے سونے کے وقت باآواز بلند مطالعہ کرنے کے معمول بنائیں، جو چھوٹی عمر سے مثبت مطالعے کے تجربے کو فروغ دے گا۔

باہر مطالعہ

نیو یارک شہر کے پارکس، جیسے کہ سینٹرل پارک کا دورہ کر کے باہر مطالعے سے لطف اندوز ہوں، اور اہلِ خانہ کی مطالعے کی پکنِک پر جائیں۔

آڈیو کُتب اور پاڈ کاسٹس

ایک ساتھ مل کر آڈیو کُتب کو اور پاڈ کاسٹس کو سنیں، اس کے بعد افہام و ادراک اور گُفتگو کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے مندرجات، کرداروں، اور موضوعات پر بات چیت کریں۔

لائبریری کے دورے

خاندان کے تمام ارکان کے لیے کئی اقسام کی کُتب کی تحقیق کرنے کے لیے نیو یارک پبلک لائبریری جیسی مقامی لائبریریوں کا دورہ معمول میں کرنے کی منصوبہ بندی کریں۔

اہلِ خانہ بک کلب

اہلِ خانہ بُک کلب کا آغاز کریں جس میں آپ ہر ماہ مل کر مطالعہ کرنے کے لیے کے ایک کتاب کو منتخب کریں، اس کے بعد کتاب کے موضوعات سے متعلق بات چیت اور سرگرمیوں میں مشغول ہوں۔

کتاب کی مقامی دُکانیں

نئے مطالعے اور مصنفین کی تقریبات میں شرکت کرنے کے لیے نیو یارک شہر کی کتابوں کی خودمختار دُکانوں کا دورہ کر کے ان کی معاونت کریں۔

مطالعے کے چیلنج

مطالعے کے مخصوص سنگِ میل پر پہنچنے کے لیے انعامات کے ساتھ مطالعے کے چیلنج تخلیق کریں، جو خاندان میں ہر ایک کی مزید مطالعہ کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

تحریر کی ورکشاپس

مطالعے اور تحریر، دونوں کے لیے لگن کو فروغ دینے کے لیے نیو یارک شہر کی جانب سے پیش کی جانے والی تحریر کی ورکشاپس یا تخلیقی تحریر کی کلاسوں میں شرکت کریں۔

ڈجیٹل وسائل

مطالعے کے مختلف اقسام کے مواد تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ڈجیٹل لائبریری اور ای بُک خدمات جیسے آن لائن پلیٹ فارمز اور وسائل کی تحقیق کریں۔

رسالے اور کامِکس

حالانکہ یہ بھی چھپا ہوا مواد ہیں، یہ روایتی کُتب کے مقابلے میں مطالعے کا ایک مختلف تجربہ فراہم کرتے ہیں۔ اکثر اوقات ان میں شوخ تصاویر اور مختصر ٹکڑوں کے متن ہوتے ہیں۔